

# تعلیم اور سکول کا انتظام

**پاکستان میں بچوں کا پیدل اسکول جانا اب بھی سب سے زیادہ (77%) عام ہے دیہی علاقوں میں پیدل اسکول جانے والے بچوں کی شرح تھوڑی زیادہ (78%) پائی گئی جبکہ زیادہ تعلیم یافتہ گھرانوں ایف اے یا اس سے زیادہ کے بچے اسکول جانے کیلئے موٹرسائیکل، گاڑی اور پبلک ٹرانسپورٹ کا زیادہ استعمال کرتے ہیں**

برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کا بچہ عموماً سکول جانے کے لئے نقل و حمل کے مندرجہ ذیل میں سے کون سے زرائع کا استعمال کرتا ہے؟



Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## تعلیم اور اسکول کا نظام

پاکستان میں اسکولوں کی صورتحال کا جائزہ لینے کے حوالے سے جاری ہونے والی پریس ریلیز 3

"اسکول جانے والے بچوں کے آمدورفت کے ذرائع"

**پاکستان میں بچوں کا پیدل اسکول جانا اب بھی سب سے زیادہ عام ہے (77%)، دیہی علاقوں میں پیدل اسکول جانے والے بچوں کی شرح تھوڑی زیادہ پائی گئی (78%)، جبکہ زیادہ تعلیم یافتہ گھرانوں (ایف اے یا اس سے زیادہ) کے بچے اسکول جانے کیلئے موٹر سائیکل، گاڑی اور پبلک ٹرانسپورٹ کا زیادہ استعمال کرتے ہیں۔**

**(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)**

(اسلام آباد)، 27 جولائی 2026


گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستان میں بچوں کا پیدل اسکول جانا اب بھی سب سے زیادہ عام ہے (77%)۔ دیہی علاقوں میں پیدل اسکول جانے والے بچوں کی شرح زیادہ پائی گئی (78%)۔تاہم، زیادہ تعلیم یافتہ گھرانوں کے بچے اسکول جانے کیلئے موٹر سائیکل، گاڑی اور پبلک ٹرانسپورٹ کا زیادہ استعمال کرتے ہیں۔

یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کی جانب سے "پاکستان میں اسکولوں کی صورتحال کو سمجھنے" کے موضوع پر جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز کا حصہ ہے۔اس سیریز کی پچھلی پریس ریلیز "پاکستانی بچے کس قسم کے اسکول میں پڑھتے ہیں" تک رسائی حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔

اس موضوع پر تفصیلی رپورٹ گیلپ پاکستان کی ویب سائٹ پر موجود ہے، اس تک رسائی حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب پاکستانی والدین، جن کے بچے اسکول جاتے ہیں، سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کا بچہ عموماً اسکول جانے کے لیے نقل و حمل کے مندرجہ ذیل میں سے کون سے ذرائع کا استعمال کرتا ہے؟"**۔اس سوال کے جواب میں قومی سطح پر، 77% بچے "پیدل" اسکول جاتے ہیں، 11% بچے اسکول جانے کیلئے "موٹر سائیکل" کا استعمال کرتے ہیں، 6% بچے "پبلک ٹرانسپورٹ، جیسے ٹیکسی، بس، رکشہ یا میٹرو بس" کا استعمال کرتے ہیں، 3% بچے "کار یا کیری وین/ کیری ڈبہ" سے اسکول جاتے ہیں، 2% بچے اسکول جانے کیلئے "سائیکل" کا استعمال کرتے ہیں، جبکہ 1% بچے اسکول بس سے اسکول جاتے ہیں۔

**"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کا بچہ عموماً اسکول جانے کے لیے نقل و حمل کے مندرجہ ذیل میں سے کون سے ذرائع کا استعمال کرتا ہے؟**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*

*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*


گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 1415 خواتین اور مرد حضرات سے 18 مارچ 2026 تا 31 مارچ 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-±2 لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**شہری—دیہی علاقوں کے اعتبار سے نتائج:** پیدل اسکول جانے والے بچوں کی شرح شہری علاقوں کی نسبت دیہی علاقوں میں زیادہ پائی گئی (78% بمقابلہ 74%)۔ تاہم، شہری علاقوں کے بچے دیہی علاقوں کے بچوں کی نسبت اسکول جانے کیلئے موٹر سائیکل (12%)، پبلک ٹرانسپورٹ (7%) اور گاڑی یا کیری وین/ کیری ڈبہ (4%) کا زیادہ استعمال کرتے ہیں۔




Source: Gallup & Gilani Pakistan
(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

**تعلیم کے اعتبار سے نتائج:** کم تعلیم یافتہ والدین کے بچے زیادہ تر پیدل اسکول جاتے ہیں (80%)۔ تاہم، ایف اے یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ والدین کے بچوں میں اسکول جانے کے لیے موٹر سائیکل (19%)، پبلک ٹرانسپورٹ جیسے ٹیکسی اور بس (20%)، یا گاڑی/ کیری وین (5%) کا استعمال نمایاں طور پر زیادہ پایا گیا۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ والدین کی تعلیم بچوں کے اسکول جانے کے ذرائع کے انتخاب پر اثرانداز ہوتی ہے۔




Source: Gallup & Gilani Pakistan
(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

مجموعی طور پر سروے سے معلوم ہوتا ہے کہ پاکستان میں بچوں کے اسکول جانے کا سب سے عام طریقہ پیدل چل کر جانا ہے۔ تاہم، شہری علاقوں اور زیادہ تعلیم یافتہ گھرانوں کے بچے موٹر سائیکل، گاڑی اور پبلک ٹرانسپورٹ کا استعمال زیادہ کرتے ہیں۔ یہ فرق شہری اور دیہی علاقوں میں اسکول تک رسائی اور آمد ورفت کی سہولیات میں موجود فرق کو ظاہر کرتا ہے۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**<u>Monday, 27 July 2026</u>**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating 46 years of Gallup Pakistan (1980-2026)